## دین اسلام میں خودکشی حرام ہے،خودکش حملے کرنے اوراس کا درس دینے کا عمل نہ صرف غیر اسلامی ہے بلکہ اسلامی اصولوں کے مطابق حرام ہے۔الطاف حسین

## کلمہ گومسلمان بھائیوں کونماز کی حالت میں خودکش حملے یا کسی اورطریقے سے قتل کرنے والا نہ تو مسلمان ہوسکتا ہےاور نہ ہی ایسے سفاک لوگ انسان کہلانے کے مستحق ہوسکتے ہیں

## جولوگ اسلام کے نام پرخودکش حملوں اوردہشت گردی کا درس دیتے ہیں اور جوایسے عناصر کی حمایت کرتے ہیں وہ اسلام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں

## ایم کیوایم ملک بھرمیں ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے جہاں تمام مذاہب،اور مسالک کے ماننے والے امن وسکون کے ساتھ زندگی گزارسکیں

## شہریوں کولوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں،صدراوروزیراعظم سے مطالبہ

## لندن میں پاکستان سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے ارکان اورمنتخب نمائندوں کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔28،مارچ2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ دین اسلام میں خودکشی کا عمل حرام قرار دیا گیا ہے،خودکش حملے کرنے اوراس کا درس دینے کا عمل نہ صرف غیر اسلامی ہے بلکہ اسلامی اصولوں کے مطابق حرام ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روزایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین اورایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ملک کے مختلف شہروں میں خودکش حملوں کے واقعات کی شدید مذمت کی اوردہشت گردی کے ان واقعات میں معصوم وبے گناہ شہریوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مساجد میں خودکش حملے کرنے والا اوراپنے کلمہ گومسلمان بھائیوں کونماز کی حالت میں خودکش حملے یا دہشت گردی کے کسی اورطریقے سے قتل کرنے والا نہ تو مسلمان ہوسکتا ہے اور نہ ہی ایسے سفاک لوگ انسان کہلانے کے مستحق ہوسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام امن وسلامتی اورانسانیت دوستی کا مذہب ہے اور جولوگ اسلام کے نام پرخودکش حملوں اوردہشت گردی کا درس دیتے ہیں اور جوایسے عناصر کی حمایت کرتے ہیں وہ اسلام کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں اورایسے ہی عناصر دنیا بھرمیں اسلام اور پاکستان کی بدنامی کا سبب ہیں۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء اپنے سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کرقومی سلامتی وبقاءکوفوقیت دیں اور ملک کوداخلی خلفشار،مذہبی انتہاء پسندی اوردہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک بھرمیں ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے جہاں تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والے شہری امن وسکون کے ساتھ زندگی گزارسکیں اوران کی جان ومال اورعبادت گاہوں کومکمل تحفظ حاصل ہو۔ جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صدرآصف علی زرداری،وزیراعظم اوروفاقی وزیر برائے پانی وبجلی راجہ پرویزاشرف سے مطالبہ کیا کہ شہریوں کولوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پرٹھوس اورعملی اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی بساط کے مطابق عوامی مسائل کے حل پرتوجہ دیں،اپنے آپ کولالچ،گروپ بندی اوراقرباءپروری جیسی بیماریوں سے دوررکھیں اورزندگی کے ہرشعبہ میں پسند ناپسند کے بجائے میرٹ کومعیار بنائیں۔

## صوبائی وزیررضاہارون کی شیفیلڈ کی لارڈ میئر سے ملاقات

## بلدیاتی نظام،ماحولیات،توانائی،انفارمیشن ٹیکنالوجی اوردیگرشعبوں کےعلاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پرتبادلہ خیال کیا گیا

لندن۔۔۔28،مارچ2009ء۔۔۔پاکستان صوبہ سندھ کے حق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے گزشتہ روز شیفیلڈ کی لارڈ میئر JANE BIRD سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ملاقات میں شیفیلڈ سٹی کونسل کے ہیڈآف پارکس اینڈ گرین اسپیسس Marry Bagley،ہیڈآف ماحولیات Andy Nolan،

PROFESSOR TED HITCHEN، قائم مقام لیڈر آف شیفیلڈ سٹی کونسل David Baker، قائم مقام ڈپٹی لیڈر آف شیفیلڈ سٹی کونسل محمد شفق، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان منشاء خان، علی مرتضیٰ اور عبدالحلیم بھی شامل تھے۔ملاقات میں بلدیاتی نظام، ماحولیات، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی بعدازاں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے سٹی کونسل کا دورہ بھی کیا۔

## محبان پاکستان کے زیراہتمام ریاض میں ایم کیوایم کی سلور جوبلی منائی گئی

## تقریب میں سینکڑوں پاکستانیوں کی شرکت، کیک کاٹا گیا، آتش بازی کی گئی

ریاض۔۔۔28، مارچ 2009ء۔۔۔خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان ریاض کے زیراہتمام ایم کیوایم کی سلور جوبلی روایتی جوش وخروش سے منائی گئی اس سلسلے میں ریاض کے مقامی ہال میں سلور جوبلی کی پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں پاکستانیوں کے علاوہ محبان پاکستان ریاض کے آرگنائزر ناصر خان یوسفی ، محبان پاکستان سعودی عرب کے انچارج عزیز خان، مڈل ایسٹ کے کورآرڈینیٹر شمشاد علی صدیقی، ممبر سینٹرل کمیٹی کفیل احمد صدیقی، فنانس سیکریٹری ڈاکٹر مجاہد نے بھی شرکت کی ۔تقریب میں سلور جوبلی کا کیک کاٹا گیا اور آتش بازی کا شاندار مظاہرہ بھی کیا گیا جبکہ اس موقع پر بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ساتھیوں میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ آج ایم کیوایم اپنے قیام کی سلور جوبلی منارہی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم کا پیغام دنیا بھر میں پھیل چکا ہے ۔انہوں نے کہا کہ جس مشن اور مقصد کے حصول کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی اس مشن میں آج ملک بھر کے کروڑوں افراد شامل ہیں اور یہ جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کا ہی نتیجہ ہے کہ آج ایم کیوایم نہ صرف قومی دھارے میں شامل ہے بلکہ عالمی سطح پر ایم کیوایم کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔انہوں نے سلور جوبلی تقریب میں شریک تمام ذمہ داران وکارکنان کو زبردست مبارکباد پیش کی۔

## ملک کے کرپٹ نظام میں متحدہ قومی موومنٹ نے میرٹ اور اصول کو برقرار رکھا ہے، پی پی او سی

## کورنگی ٹاؤن میں مختلف قومیتوں کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔28، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام کورنگی ٹاؤن میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا گیا جس میں یوسی 1 تا 9 سے تعلق رکھنے والے مختلف قومیتوں کے کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی ایڈووکیٹ ، اراکین زرین الرحمان، جاوید اقبال فاروقی اور فیض الرحمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے پروردہ عناصر ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کرکے ایم کیوایم کے پیغام کو پھیلنے سے روکنے کی سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے کرپٹ سیاسی نظام میں متحدہ قومی موومنٹ نے میرٹ کا اصول کو برقرار رکھا ہے اور یہی خصوصیت متحدہ قومی موومنٹ تمام جماعتوں میں نمایاں کرتی ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ ملک کے نازک حالات پر کڑی نگاہیں رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور تنظیمی لٹریچر کا باقاعدگی سے مطالعہ کریں۔

## فیصل خانزادہ کے چچا اور وزارت حسین کے بہنوئی رہبر حسین بختیاری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔28، مارچ 2009ء۔۔۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن وزارت حسین کے بہنوئی رہبر حسین بختیاری اور کارکن فیصل خانزادہ کے چچا محمد حبیب خانزادہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی فیصل خانزادہ کے چچا محمد حبیب خانزادہ اور وزارت حسین کے بہنوئی رہبر حسین بختیاری کے انتقال پر

گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆